© rasailojaraid.com



سب کچھ واقعات سے متعلق ہمیں بھی علم ہے۔ ہم مسیحی پائلٹ میسل چودھری کی حب الوطنی اور پاکستان کے لیے قربانی کے جذبہ کو سلام کرتے ہیں۔ اور بھی بے شمار محبِّ وطن مسیحیوں کا نام لیا جا سکتا ہے مگر مسیحی برادری کی ان کالی بھیڑوں کا کیا جائے جو بھارت کے لیے جاسوسی کرتی تھیں۔ رائے ونڈ اور مسیحی سٹیٹ کلارک آباد سے چند وطن دشمن بھارتی مقاصد کی تکمیل کر رہے تھے مثلاً کلارک آباد میں اس وقت کے پادری صاحب اور ہیڈ ماسٹر صاحب کی سرگرمیاں قابل اعتراض تھیں۔ رائے ونڈ سٹیشن پر کھڑی ٹرینوں پر حملوں کی راہنمائی کے لیے یہی کالی بھیڑیں ذمہ دار تھیں جو بھارتی جاسوسوں کو بھی چھتری فراہم کر رہی تھیں۔

سانحہ گوجرہ کے متعلق اگر وہاں کی مذہبی جماعتوں نے یہ کہا تو یہ کچھ غلط بھی نہیں کہ مسیحی برادری بڑی دیدہ دلیری کے ساتھ ایسے اشتعال کے لیے جواز پیدا کرنے میں مہارتِ تامہ رکھتی ہے۔ یہ مسیحی برادری پاکستانی ہو یا غیر پاکستانی مثلاً چند مثالیں سامنے لاتے ہیں:

☆ نبی اکرم حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے کارٹون بنانے، شائع کرنے اور پوری دنیا کے پرنٹ میڈیا کے ذریعے پھیلانے کے والے کون تھے؟

☆ مکہ مکرمہ مسلمانوں کا مقدس مرکز ہے، برطانیہ میں بیشتر بار کلبوں کا نام مکہ رکھتے ذرہ بھر شرم محسوس نہیں کی گئی۔ اس پر ہمارا احتجاج ریکارڈ پر ہے۔

☆ بائبل کورس کے نام پر مسلمان گھرانوں میں بذریعہ ڈاک ارسال کیے جانے والے لٹریچر کے ساتھ خط کی تحریر اشتعال انگیز ہے مثلاً:

(خدا باپ سے یسوع نام میں دعا کیجئے کہ آپ کے نام یہ نادر پارسل کوئی ”دشمن“ گم نہ کر دے) (یہ دشمن کون ہو سکتا ہے) (فقط آپ سے التماس کی جاتی ہے کہ ”شر پسند مسلمانوں سے“ ادارہ کی کتب احتیاط سے رکھی جا سکیں) (شر پسند مسلمان کس قدر مہذب لفظ ہے) (سرکلر لیٹر کو بے حد احتیاط سے پڑھیں تا کہ آپ حالات کی نزاکت کے پیشِ نظر ”ہر خطرہ سے بچ کر“ یسوع مسیح کی بابت حقیقتِ صداقت جان سکیں) (گڈ وے سٹونرز)

☆ سہ ماہی خبر نامہ لاہور نے مسلمانوں کے مذہبی راہنماؤں قاضی حسین احمد، مولانا فضل الرحمٰن، مولانا سمیع الحق اور مولانا نیازیؒ کے توہین آمیز کارٹون شائع کیے۔

☆ اسلامی جمہوریہ پاکستان کی مسلم اکثریت کی آنکھوں میں آنکھیں ڈال کر یہ کہا گیا کہ اسلام جھوٹا مذہب ہے۔ یہ سرکلر امریکہ میں چھپا، پاکستان میں تقسیم ہوا:



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



" Islam the false Gosple:"For mony years Islam has been regarded as "False Gospel" and Christions have soughl to convert Muslims to the only true and loving God, by accepting Christionily.To day there are over one billion muslims.All unoaved, going streight to hell ,all because they seek reconcile and identify Allah who is no God at all."(Luckhoo Minelis P.O.BO.885188 Dallas USA)

مذکورہ اقتباسات کو خصوصاً آخری بہ زبان انگریزی کو اور پھر امتیازی سلوک کے خاتمے کے داعی جاوید نذیر سے پوچھئے کہ کیا یہ سطور پڑھ کر اشتعال دلانے والے زبان گدی سے کھینچ لینے کو جی نہیں چاہتا۔ اس کے باوجود مسیحی ہرزہ سرائی پر نہ مسلمان مشتعل ہوں اور نہ ہی قانون حرکت میں آئے تو بھی امتیازی سلوک اور امتیازی قانون کا طعنہ دیا جائے۔ جاوید نذیر صاحب نے اپنے مضمون میں ’’ظلم وستم‘‘ کی ایک طویل فہرست دی ہے مگر وہ بھول گئے کہ ان میں سے سبھی کی بنیاد خود مسیحی برادری نے رکھی تھی مثلاً مری یا پنڈی کے چرچ جلانے میں مسیحی نوجوان ملوث تھے۔ پورے اعتماد سے کہا جا سکتا ہے کہ پاکستان میں اقلیتیں تمام تر عزت وفوائد کے باوجود ناشکری کا رویہ اپنائے ہوئے ہیں اور یہ سب غیر ملکی آقاؤں کی خواہشات یا ایجنڈے کی تکمیل کے لیے ہے۔

ہم جناب جاوید نذیر صاحب کو مشورہ دیں گے کہ وہ اظہارِ خیال کے لیے پیش کیے جانے والے تائیدی دلائل کی چھان پھٹک لیا کریں۔ بودی اور غیر ثقہ باتیں جگ ہنسائی کا سبب بنتی ہیں جیسی ان کی موجودہ تحریر جس سے چند اقتباسات نظرِ قارئین کیے ہیں۔ وما علینا الا البلاغ۔






© rasailojaraid.com